مجلس احرار اسلام ملتان کے کارکن محترم شیخ بشیر احمد صاحب نور محلی کے برادر نسبتی جناب محمد اسلم صاحب گزشتہ دنوں ایک حادثہ میں انتقال کر گئے۔

* نقیب ختم نبوت کے سرکولیشن منیجر محمد یوسف شاد صاحب کی والدہ ماجدہ ام قاسم ۱۳ جنوری کو رحلت فرما گئیں۔

* جلال پور پیر والہ سے ہمارے کرم فرما محترم قاضی محمد اصغر قریشی صاحب کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں انتقال فرما گئیں۔

اراکین ادارہ تمام مرحومین کی مغفرت کیلئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا گو ہیں۔ اللہ رب العزت ان کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ ادارہ تمام مرحومین کے پسماندگان کے غم میں برابر کا شریک ہے اور اظہار تعزیت کرتا ہے۔ قارئین سے بھی خاص طور پر درخواست ہے کہ وہ مغفرت کی دعاؤں میں ان اللہ کے بندوں کو یاد رکھیں اور اسکا خاص اہتمام فرمائیں۔

میاں محمد اویس کو صدمہ

مجلس احرار اسلام لاہور کے ناظم میاں محمد اویس کا نومولود بیٹا گزشتہ دنوں انتقال کر گیا۔

اللہ تعالیٰ انہیں صبر عطا فرمائے۔ معصوم بیٹے کی وفات والدین کیلئے نجات کا ذریعہ بنائے اور اس کا نعم البدل عطاء فرمائے۔

شہریار صدیقی

مقبوضہ کشمیر

مقبوضہ کشمیر میں گینگ آپریشن کا منصوبہ

کشمیری رہنماؤں کے قتل کے لئے قادیانی تنظیم ”انصاراللہ“ کو بیس کروڑ روپے کی ادائیگی۔

تازہ ترین اطلاعات کے مطابق بھارت نے مقبوضہ وادی میں ایک بہت بڑے آپریشن کا منصوبہ بنایا ہے جو پوری آبادی پر محیط ہوگا اسے گینگ آپریشن کا نام دیا گیا ہے۔ سری نگر سے بھارتی فوج اس آپریشن کا آغاز کرے گی جس میں بھارتی فوج کے ساتھ ساتھ موساد کے تربیت یافتہ اٹھارہ سو کمانڈوز بھی حصہ لیں گے جو اسرائیل سے ۱۹ نومبر کو دہلی کے علاقے بھوگل پہنچ چکے ہیں جو ”را“ کا اہم مقام ہے اطلاع کے مطابق ان کمانڈوز کو بھوگل سے چشمہ شاہی پہنچا دیا جائے گا۔ اطلاع کے مطابق ۱۸۰۰ موسادی کمانڈوز کی آمد کے بعد بھارت میں موساد کے تربیت یافتہ افراد کی تعداد چھ ہزار ہوگئی ہے جو کشمیر کے مختلف علاقوں میں کام کر رہے ہیں۔

مذکورہ گینگ آپریشن کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ اس آپریشن میں پوری وادی میں مجاہدین کے ٹھکانوں پر حملے کرنا، مجاہدین کو گرفتار کرنے اور انہیں ٹھکانے لگانے کے ٹارگٹ دیئے جائیں گے۔ بھارت چاہتا ہے کہ مسئلہ کشمیر کے کسی حل تک پہنچنے سے قبل ایسے عناصر کا صفایا کردیا جائے جو بھارت کی مرضی کے مطابق حل میں رکاوٹ بن سکتے ہوں یہی وجہ ہے کہ بھارت نے نہ صرف مجاہدین کو کچلنے کا کام تیز کردیا ہے بلکہ پوری دنیا میں اور خصوصاً پاکستان میں کشمیر کی آزادی کے حامی فعال جماعت کو ٹھکانے لگانے کا بھی منصوبہ بنایا ہے۔ اس سلسلے میں را اور موساد کے ماہرین نے مختلف افراد کی ذمہ داریاں بعض یورپی ممالک میں اور پاکستان میں لگائی ہیں۔ اطلاع کے

بقیہ ص ۳۰ پر